# جنوبی غزہ کے مرکزی سمندری واٹر پلانٹ کو خالی کرنے کے اسرائیلی احکامات



غزہ: انسانی حقوق کی معروف تنظیم المیزان مرکز برائے انسانی حقوق نے انکشاف کیا ہے کہ قابض اسرائیل نے غزہ کے عوام کے خلاف پیاس کو ہتھیار بنا کر ظلم و جبر کا ایک اور باب کھول دیا ہے۔ تنظیم کے مطابق قابض اسرائیل نے جنوبی غزہ میں واقع سب سے بڑی سمندری پانی کی صفائی کی مرکزی تنصیب کو بھی خالی کرنے کے احکامات جاری کر دیے ہیں، جو صاف پانی کی فراہمی کا اہم ترین ذریعہ ہے۔ تنظیم نے عالمی برادری سے فوری مداخلت کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ قابض اسرائیل کی طرف سے جاری نسل کشی کو روکنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔

بیان میں واضح کیا گیا کہ قابض اسرائیلی افواج نے غزہ کی پینے کے پانی اور نکاسی آب کی تنصیبات کو منظم اور مسلسل طریقے سے نشانہ بنایا ہے۔ ان تنصیبات میں زیرزمین پانی کے کنویں، سمندر کے پانی کو صاف کرنے کے کارخانے، نکاسی آب کی پمپنگ اسٹیشنز اور پانی کے ذخائر شامل ہیں۔ ان سہولیات کو دانستہ طور پر نشانہ بنایا جا رہا ہے تاکہ غزہ کے عوام کو پیاس، بیماریوں اور بنیادی ضروریات کی عدم دستیابی کے ذریعے زندگی سے محروم کر دیا جائے۔ یہ پالیسی ایک منصوبہ بند نسل کشی کا واضح ثبوت ہے۔

بیان کے مطابق غزہ پانی کے تین بڑے ذرائع پر انحصار کرتا ہے:

تقریباً 300 زیرزمین کنویں، جن میں سے 290 بلدیاتی اداروں اور 10 انروا کے زیر انتظام ہیں۔ تین بڑی سمندری پانی کی صفائی کی تنصیبات، جن میں شمالی غزہ کی تنصیب پہلے ہی مکمل بند ہو چکی ہے، جبکہ وسطی اور جنوبی غزہ کی تنصیبات جزوی طور پر فعال ہیں۔ میکروٹ پانی کی لائنیں، جو شمال، وسط اور جنوب کو پانی فراہم کرتی ہیں۔ قابض اسرائیل اپنی مرضی سے ان لائنوں کو کھولتا یا بند کرتا ہے۔

اس وقت غزہ کی 80 فیصد پانی اور نکاسی آب سے متعلق بنیادی تنصیبات تخلیہ زدہ علاقوں میں واقع ہیں:

121 میں سے 97 پانی صاف کرنے والے پلانٹ (80 فیصد)

58 میں سے 52 پانی کے ذخائر (90 فیصد)

392 میں سے 302 زیرزمین پانی کے کنویں (77 فیصد)

70 میں سے 58 نکاسی آب کے پمپنگ اسٹیشنز (83 فیصد)

قابض اسرائیل نے ہر ماہ 12 ملین لیٹر ایندھن غزہ میں داخل ہونے سے روک دیا ہے، جو پانی کے کنوؤں، نکاسی آب کے پلانٹس اور کوڑا کرکٹ جمع کرنے کے آلات کو چلانے کے لیے ضروری تھا۔ مزید برآں، پانی بھرنے کے مقامات پر شہریوں کے خلاف کی جانے والی درندگی نے 112 پانی بھرنے کے مراکز کو مکمل یا جزوی طور پر تباہ کر دیا ہے۔ میکروٹ کی پانی لائنوں کی بندش نے پیاس اور اذیت کی شدت میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔

بیان کے مطابق اتوار، 20 جولائی سنہ 2025ء کو قابض اسرائیل نے وسطی غزہ کی دیر البلح کی مغربی جنوبی علاقوں میں تخلیہ کے نئے احکامات جاری کیے، جہاں غزہ کی مرکزی سمندری پانی صاف کرنے کی تنصیب واقع ہے۔ یہ تنصیب جنوبی اور وسطی غزہ کو روزانہ 16 سے 18 ہزار مکعب میٹر پانی فراہم کرتی تھی۔ مارچ سنہ 2025ء میں قابض اسرائیل نے اس کا آخری بجلی کا کنکشن بھی منقطع کر دیا، جس کے بعد اب یہ صرف شمسی توانائی کے ذریعے تقریباً 2500 مکعب میٹر پانی روزانہ فراہم کرنے کے قابل ہے۔

مقامی ادارے "مصلحۃ میاہ بلدیات الساحل" کے نائب ڈائریکٹر انجینیئر عمر شتات کے مطابق جنوبی غزہ کی یہ تنصیب فی الحال ہنگامی جنریٹرز پر روزانہ 2500 سے 3000 مکعب میٹر پانی پیدا کر رہی ہے، جبکہ بجلی کی فراہمی کے ساتھ یہ پیداوار 20000 مکعب میٹر یومیہ تک جا سکتی ہے۔ تاہم قابض اسرائیل نے 9 مارچ سنہ 2025ء کو اس کی بجلی کی فراہمی مکمل طور پر بند کر دی۔

المیزان مرکز کے مطابق اس وقت 91 فیصد خاندان پانی کی شدید کمی کا سامنا کر رہے ہیں۔ 65 فیصد آبادی کو روزانہ صرف 3 سے 5 لیٹر فی فرد پانی دستیاب ہے، جو صرف پینے اور کھانے کے لیے استعمال ہوتا ہے، جبکہ 35 فیصد آبادی کو صرف 15 لیٹر یومیہ سے بھی کم پانی ملتا ہے، جو نہ صرف پینے بلکہ کھانا پکانے اور بنیادی صفائی کے لیے ناکافی ہے۔ یہ مقدار عالمی ادارہ صحت کے ہنگامی حالات میں مقرر کردہ کم سے کم معیار سے بھی کم ہے۔

المیزان مرکز نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ قابض اسرائیل کو اس نسل کشی سے فوری طور پر روکے۔ مرکز نے کہا کہ بین الاقوامی عدالت انصاف کی عارضی تدابیر پر فوری عمل درآمد کرایا جائے، اور اقوام متحدہ کی تمام ایجنسیاں، بالخصوص انروا، کو فوری رسائی دی جائے تاکہ وہ زندگی بچانے والی خدمات بحال کر سکیں۔ ایندھن، طبی امداد، ہسپتالوں، پانی کے پلانٹس، نکاسی آب کے نظام، کوڑے کے انتظام، اور روٹی کے تندوروں کو فوری طور پر فعال کیا جائے۔

## انروا کا غزہ میں قحط پر انتباہ، خوراک فوری پہنچانے اور محاصرہ ختم کرنے کا مطالبہ



غزہ: فلسطینی پناہ گزینوں کے لیے اقوام متحدہ کی ریلیف اینڈ ورکس ایجنسی 'انروا' نے ایک بار پھر زور دیا ہے کہ غزہ کا اسرائیلی محاصرہ فوری ختم کیا جائے تاکہ بڑھتی ہوئی قحط جیسی صورتحال کو روکا جا سکے۔ انروا کے مطابق خوراک کی قیمتیں 40 گنا تک بڑھ چکی ہیں، جبکہ اس کے پاس العریش، مصر میں تین ماہ کا ذخیرہ موجود ہے۔

کمشنر جنرل لازارینی نے کہا کہ خوراک کی تلاش میں نکلنے والوں کے پیغامات مایوسی اور تکلیف سے بھرے ہوئے ہیں۔ "میرے بچوں کے لیے کچھ نہیں بچا" جیسی صدائیں روزانہ موصول ہو رہی ہیں۔

غزہ کی محصور سرزمین پر اس وقت دو ملین سے زائد انسان ایسی بدترین انسانی المیے سے گزر رہے ہیں جس کی مثال حالیہ تاریخ میں کم ہی ملتی ہے۔ قابض اسرائیل نے 2 مارچ سنہ 2025ء سے غزہ کی تمام گزرگاہیں مکمل طور پر بند کر رکھی ہیں۔ خوراک، پانی، ادویات اور دیگر بنیادی ضروریاتِ زندگی کی ترسیل مکمل طور پر روکی جا چکی ہے، جس کے نتیجے میں پورے علاقے میں قحط اور فاقہ کشی نے پنجے گاڑ لیے ہیں۔ اس بحران کے نتیجے میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں اس حد تک بڑھ چکی ہیں کہ عام شہریوں کے لیے ایک وقت کا کھانا بھی میسر آنا محال ہو چکا ہے۔ اشیائے خورد و نوش کی اوسط قیمتوں میں 500 فیصد سے زائد اضافہ ہو چکا ہے، جب کہ بعض بنیادی اجناس کی قیمتیں کئی گنا بڑھ چکی ہیں۔

مثال کے طور پر:

ایک کلو آٹا 170 شیکل تک جا پہنچا ہے، جو صرف ایک ہفتے میں 240 فیصد اضافہ ہے۔

ایک کلو چاول کی قیمت 110 شیکل ہو چکی ہے، جو 175 فیصد کا اضافہ ہے۔

ان اجناس کی قیمتیں جنگ سے پہلے محض چند شیکل تھیں، جو اب عام فلسطینی کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہیں۔

یہ معاشی تباہی صرف قیمتوں کی بات نہیں، بلکہ اس کے نتیجے میں درجنوں فلسطینی بھوک سے شہید ہو چکے ہیں۔ ان میں بڑی تعداد بچوں، بزرگوں اور بیماروں کی ہے۔ وزارت صحت کے مطابق قابض اسرائیل کی مسلط کردہ اس اجتماعی قحط نے نہ صرف ہزاروں زندگیاں نگل لی ہیں بلکہ انسانی جسم و روح کو بے رحم انداز میں چیر ڈالا ہے۔

## قابض اسرائیل کی وحشیانہ کریک ڈاؤن مہم، مغربی کنارے سے 30 سے زائد فلسطینی گرفتار



غرب اردن: قابض اسرائیلی فوج نے پیر کو علی الصبح مغربی کنارے میں کئی علاقوں پر دھاوا بولتے ہوئے 30 سے زائد فلسطینی شہریوں کو حراست میں لے لیا۔ الخلیل میں 9 شہری گرفتار کیے گئے جن میں علی عوض، یوسف عواد، خضر الطمیمہ، معتصم جیاوی، حازم جیاوی اور نادر ارزیقات شامل ہیں۔ یطا میں بھی گھر گھر چھاپے اور شدید جھڑپیں ہوئیں۔ جنین میں لیث زیود، غانم طحاینہ اور اسلام خمیسہ کو گرفتار کیا گیا۔ طولکرم کی ضاحیہ ذنابہ میں قابض فوج کے حملے میں تین فلسطینی زخمی ہوئے جن میں دو بزرگ شامل تھے۔

بیت لحم، رام اللہ، نابلس اور قلقیلیہ میں بھی درجنوں گھروں پر چھاپے مارے گئے، جن میں نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کو زدوکوب کیا گیا اور گھروں کی بے حرمتی کی گئی۔

قلقیلیہ میں نوجوان مبین الحج حسن کو حراست میں لیا گیا، جب کہ سلفیت میں زریف داود الدیک کو اس کے گھر سے اغوا کر لیا گیا۔

## قابض اسرائیل نے تین فلسطینی خاندانوں کو خود اپنے گھر گرانے پر مجبور کر دیا



مقبوضہ بیت المقدس: قابض اسرائیل کی بلدیہ نے مقبوضہ بیت المقدس میں تین فلسطینیوں کو مجبور کیا کہ وہ اپنے ہی ہاتھوں سے اپنے گھر مسمار کریں تاکہ بھاری جرمانے اور انہدامی اخراجات سے بچ سکیں۔ مقامی ذرائع کے مطابق ایوب اور محمد قنبر کو جبل مکبر کے علاقے میں واقع اپنے گھروں کو خالی کرنے پر مجبور کیا گیا۔ انہیں قابض انتظامیہ کی طرف سے حتمی انہدامی حکم نامہ موصول ہوا تھا۔

ادھر شہری موسیٰ بدران نے سلوان کے البستان محلے میں اپنے گھر کو خالی کرنا شروع کر دیا۔ اسے قابض اسرائیل نے 21 دن کے اندر گھر گرانے کا حکم دیا ہے۔ بدران کا گھر سنہ 2017ء میں تعمیر ہوا تھا، جس میں کئی اہل خانہ رہائش پذیر ہیں اور جنہیں اب جبری بے دخلی کا سامنا ہے۔

قابض اسرائیلی بلدیہ نہ صرف فلسطینیوں کو تعمیراتی اجازت نامے جاری کرنے سے انکار کرتی ہے بلکہ انہیں خود اپنے گھر مسمار کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ اگر کوئی ایسا نہ کرے تو قابض فوج بلڈوزروں سے انہدام کرتی ہے اور بھاری جرمانے عائد کرتی ہے۔

قوانین کی دھجیاں اڑاتے ہوئے، اسرائیل نے صرف سات اکتوبر سنہ 2023ء سے اب تک القدس میں 623 مکانات و عمارتیں مسمار کی ہیں۔ ان میں کئی عشروں سے آباد گھروں کے علاوہ تجارتی مراکز بھی شامل ہیں جو سینکڑوں فلسطینی خاندانوں کا ذریعہ روزگار تھے۔

## قابض اسرائیل کی درندگی: معروف ڈاکٹر مروان الہمص اغوا، رفقاء کو شہید اور زخمی کر دیا گیا



غزہ: قابض اسرائیلی فوج کی ایک خفیہ مسلح ٹیم نے جنوبی غزہ میں ایک ہولناک کارروائی کے دوران معروف فلسطینی معالج اور انسانی ہمدردی کے علمبردار ڈاکٹر مروان الہمص کو اغوا کر لیا، جبکہ ان کے ساتھ موجود ساتھیوں کو نشانہ بنا کر ایک کو شہید اور دو کو شدید زخمی کر دیا۔ یہ واقعہ ایسے وقت میں پیش آیا جب ڈاکٹر مروان ابو یوسف النجار ہسپتال کے ڈائریکٹر اور غزہ میں فیلڈ ہسپتالوں کے نگران کی حیثیت سے انسانی خدمات انجام دے رہے تھے۔

حکومتی میڈیا دفتر کی طرف سے جاری کردہ بیان کے مطابق یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب ڈاکٹر مروان الہمص معمول کے طبی مشن پر فیلڈ ہسپتال جا رہے تھے۔ قابض اسرائیلی فوج کی ایک خفیہ ٹیم نے ان کی ایمبولینس کو براہ راست نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں ان کے ہمراہ موجود تین افراد میں سے ایک موقع پر شہید ہو گیا، جبکہ دو دیگر افراد، جن میں ایمبولینس کا ڈرائیور بھی شامل ہے، شدید زخمی ہو گئے۔ اس واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے میڈیا دفتر نے کہا کہ یہ جرم نہ صرف بین الاقوامی انسانی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، بلکہ جنیوا کنونشنز کی بھی صریح خلاف ورزی ہے، جو واضح طور پر طبی عملے کو تحفظ فراہم کرنے کی ضمانت دیتا ہے۔ دفتر نے اس اقدام کو جنگی جرم اور انسانیت کے خلاف جرم قرار دیتے ہوئے قابض اسرائیل کو ڈاکٹر مروان کی جان و مال کا مکمل ذمہ دار قرار دیا۔

دفتر نے عالمی برادری بالخصوص عالمی ریڈ کراس کمیٹی سے مطالبہ کیا کہ وہ اس معاملے پر واضح موقف اختیار کرے اور فوری طور پر ڈاکٹر مروان الہمص کی رہائی کے لیے اقدامات کرے۔ بیان میں زور دیا گیا کہ قابض اسرائیل کے ان منظم جرائم کا محاسبہ ناگزیر ہو چکا ہے، خاص طور پر ان مظالم کا جو طبی اور انسانی عملے کے خلاف روا رکھے جا رہے ہیں۔

دوسری جانب وزارت صحت غزہ نے بھی اس لرزہ خیز واقعے پر شدید ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر مروان الہمص کا اغوا دراصل ان معصوموں کی آواز کو خاموش کرنے کی کوشش ہے جو بھوک سے مرتے بچوں، دوا کو ترستے زخمیوں اور ہسپتالوں کے دروازے پر آہیں بھرتی ماؤں کی سسکیوں کو دنیا تک پہنچا رہے تھے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ قابل مذمت اقدام دراصل پوری انسانیت، سچائی اور آزاد آوازوں پر حملہ ہے۔ وزارت نے واضح کیا کہ ڈاکٹر مروان ان چند نایاب افراد میں سے ہیں جو عالمی ضمیر کو جھنجھوڑنے میں کامیاب ہو رہے تھے۔ ان کی گرفتاری محض ایک فرد کو نشانہ بنانا نہیں بلکہ پورے فلسطینی عوام کی اجتماعی آواز کو دبا دینے کی سازش ہے۔ وزارت نے قابض اسرائیل کو ڈاکٹر کی جان کا مکمل ذمہ دار قرار دیتے ہوئے ان کی فوری اور غیر مشروط رہائی کا مطالبہ کیا۔ مقامی ذرائع کے مطابق، اسی کارروائی کے دوران صحافی تامر نجی رفیق الزعانین کو گولی مار کر شہید کر دیا گیا، جبکہ ڈاکٹر مروان الہمص کو فیلڈ ہسپتال کے سامنے سے اغوا کیا گیا۔ اس حملے میں ان کے معاون بلال برہوم اور کیمرامین ابراہیم عاطف ابوعشیبہ بھی زخمی ہو گئے۔

## القسام اور حزب اللہ کے گرفتار ارکان کو خفیہ صہیونی عقوبت خانے میں قید کیے جانے کا انکشاف



غزہ: قابض اسرائیل نے رملہ کی بدنام زمانہ جیل میں القسام بریگیڈز کے منتخب اور تربیت یافتہ مجاہدین کو انتہائی سنگدل اور غیر انسانی حالات میں زیرزمین قید کر رکھا ہے۔ ان میں حماس کے سمندری کمانڈوز کے علاوہ حزب اللہ کی رضوان فورس کے متعدد مجاہد بھی شامل ہیں، جنہیں "راکفیت" نامی ایک خفیہ عقوبت خانے میں قید کیا گیا ہے۔ یہ عقوبت خانہ ستمبر سنہ 2023ء میں بنایا گیا اور اسے ایک "سیمنٹ کی تجوری" کی شکل دی گئی ہے، جس میں جدید ترین کیمرے نصب ہیں جو قیدیوں کی چوبیس گھنٹے نگرانی کرتے ہیں۔

قابض اسرائیلی ریڈیو 'مکان' نے اس عقوبت خانے کے سکیورٹی انچارج کے حوالے سے بتایا ہے کہ قیدیوں کو ایسے حالات میں رکھا گیا ہے جنہیں بین الاقوامی قوانین کی صرف سب سے کم از کم سطح پر انسانی سلوک کہا جا سکتا ہے۔ یہ قیدی دن کے چوبیس گھنٹے اپنی کال کوٹھڑیوں میں قید رہتے ہیں، انہیں صرف ایک گھنٹہ روزانہ ایک مخصوص "چہل قدمی" کے لیے لے جایا جاتا ہے، جو کہ ایک بند، تنگ اور کنکریٹ سے بنی ہوئی کوٹھری ہے۔ اس کوٹھری کی چھت میں لوہے کی سلاخوں کے ذریعے معمولی سا روشنی کا گزر ہوتا ہے۔ وہاں کی دیوار پر غزہ شہر کی تباہ شدہ تصویر آویزاں ہے، جس کا مقصد قیدیوں کے حوصلے پست کرنا ہے۔

سکیورٹی انچارج نے ان اذیت ناک حالات کا جواز پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ قیدی 7 اکتوبر کے حملوں میں شریک تھے۔ اس نے دعویٰ کیا کہ یہاں وہ قیدی رکھے گئے ہیں جو بقول اس کے "سب سے خطرناک" ہیں اور زیادہ تر کا تعلق حماس کے اعلیٰ تربیت یافتہ مجاہدین سے ہے۔

اس کا مزید کہنا تھا کہ یہ قیدی خانہ ایک ''تجارتی" تجربہ ہے اور قابض اسرائیلی جیل انتظامیہ میں اپنی نوعیت کا پہلا "ٹیکٹیکل یونٹ" سمجھا جا رہا ہے۔ اس میں کام کرنے والے تمام جیلر نام اور شناخت کے بغیر صرف کوڈز کے ذریعے پہچانے جاتے ہیں۔ وہ ہر وقت ہائی الرٹ ہوتے ہیں اور ذہنی طور پر انہیں خاص تربیت دی گئی ہے تاکہ وہ اس عقوبت خانے کے "چیلنجز" سے نبرد آزما ہو سکیں۔

اس عقوبت خانے میں قیدیوں کو کسی بھی حالت میں باہر نہیں نکالا جاتا۔ اگر انہیں وکیل سے ملاقات، ڈاکٹر کے معائنے یا عدالت میں پیشی کی ضرورت بھی ہو تو وہ سب کچھ اسی قید خانے کے اندر ہی ہوتا ہے۔ جیل کا انچارج صاف طور پر تسلیم کرتا ہے کہ "ہم تہہ خانے میں ہیں اور قیدی کبھی بھی اس تہہ خانے سے باہر نہیں جاتا"۔

قیدیوں پر ایسے سخت حالات مسلط کیے گئے ہیں کہ جب جیلر کسی سیل کے دروازے پر دستک دیتا ہے تو قیدیوں کو فوراً زمین پر بیٹھ جانا ہوتا ہے، ہاتھ پیچھے باندھنے ہوتے ہیں اور چہرہ نیچے زمین کی طرف رکھنا پڑتا ہے، جب تک کہ دروازے کی کھڑکی بند نہ کر دی جائے۔

ایک گھنٹہ کی آزادی میں بھی ان پر سخت پابندیاں عائد ہیں۔ اس دوران انہیں سات منٹ میں غسل کرنا ہوتا ہے، اپنے سیل کو صاف کرنا ہوتا ہے اور چند قدم چلنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ آپس میں بات چیت کی قطعی اجازت نہیں۔ ان کے ساتھ کوئی گفتگو نہیں کرتا، نہ ہی انہیں کسی انسانی سلوک کا سامنا ہے۔

یہ جیلر اس امر پر فخر کرتا ہے کہ اس عقوبت خانے کے قیام سے قبل انہیں ذہنی تربیت دی گئی اور اب جب کبھی پیشہ ورانہ یا نفسیاتی مدد درکار ہو، تو ماہرین ان کے ساتھ موجود ہوتے ہیں تاکہ وہ ہر چیلنج سے نمٹ سکیں۔

یہ تمام تر تفصیلات ایک ایسا ہولناک منظر پیش کرتی ہیں جو اقوام عالم کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہیں۔ یہ سچ ہے کہ قابض اسرائیل ان قیدیوں کو جسمانی قید میں رکھ سکتا ہے، مگر ان کے نظریات، ان کی استقامت اور فلسطین کی آزادی کا خواب قید نہیں کیا جا سکتا۔

## غزہ میں ہر تیسرا شخص کئی دن سے بھوکا رہتا ہے اسرائیلی فوج امدادی قافلوں پر بھی فائرنگ کرتی ہے



غزہ: اقوام متحدہ کے خوراک کے عالمی پروگرام نے غزہ میں بھوک کی شدت کو تاریخ کی بدترین سطح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر تیسرا فلسطینی کئی دنوں سے فاقہ کشی پر مجبور رپورٹ کے مطابق امدادی خوراک کی تلاش میں نکلنے والے شہریوں پر قابض اسرائیلی ٹینکوں، سنائپروں اور فوجیوں کی طرف سے براہ راست فائرنگ کی جا رہی ہے۔ غزہ میں لوگ خوراک کی عدم دستیابی سے مر رہے ہیں، اور بین الاقوامی برادری کو فوری طور پر خوراک کی محفوظ اور وسیع تر ترسیل یقینی بنانی چاہیے۔ گزشتہ روز 25 ٹرکوں پر مشتمل امدادی قافلہ جب زیکیم کراسنگ سے شمالی غزہ میں داخل ہوا تو سینکڑوں بھوکے فلسطینی جمع ہو گئے۔ مگر قابض فوج نے ان پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں کئی افراد شہید اور زخمی ہو گئے۔ اقوام متحدہ کے انسانی امور کے دفتر نے واضح کیا کہ شہریوں کو بھوکا رکھنا ایک جنگی جرم ہے، اور اس کا استعمال بطور ہتھیار کسی صورت قابل قبول نہیں۔ وزارت صحت کے مطابق صرف گزشتہ 24 گھنٹوں میں بھوک کی وجہ سے 19 فلسطینی شہید ہو چکے قابض اسرائیل نے 2 مارچ سے اب تک غزہ کے تمام راستے بند کر رکھے ہیں، جس سے قحط نے سنگین صورت اختیار کر لی ہے۔ گزشتہ ماہ اسرائیل اور امریکہ نے ایک نیا امدادی نظام متعارف کروایا جو اقوام متحدہ کی نگرانی سے باہر ہے۔ مگر اس کا نتیجہ مزید قتل و غارت گری کی صورت میں سامنے غزہ کے سرکاری میڈیا دفتر نے بتایا کہ اب تک اس طریقہ کار کے نتیجے میں 995 فلسطینی شہید اور 6 ہزار سے زائد زخمی ہو چکے ہیں۔

## غزہ میں فلسطینیوں پر جو گذر رہا ہے وہ ایک حقیقی انسانی المیہ: الحوثی

صنعاء: یمن کی عوامی تحریک انصار اللہ کے رہنما سید عبدالملک بدرالدین الحوثی نے آسمان امامت و ولایت کے چوتھے درخشاں ستارے فرزند رسول حضرت امام زین العابدین ع کے یوم شہادت کی مناسبت سے ایک بیان میں کہا ہے کہ غزہ میں بھوک سے چھوٹے بچوں کی ہونے والی شہادت کے المناک مناظر سب سے بڑھکر تمام عرب قوموں اور پھر سارے مسلمانوں کے لئے شرمناک اور ان کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ ہے۔



انھوں نے تاکید کی کہ یمنی عوام نے جب سے غزہ کے خلاف جارحیت کا سلسلہ شروع ہوا ہے فلسطینی عوام کی حمایت میں اپنے دوٹوک موقف پر تاکید کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یمن نے غزہ کے عوام کی حمایت میں مقبوضہ فلسطین پر مسلسل حملے کئے جبکہ فلسطینیوں کی حمایت کرنے پر یمن کو ہزاروں بار جارحیت کا نشانہ بنایا گیا اور اس کا محاصرہ مزید تنگ تر کیا گیا۔ سید عبدالملک بدرالدین الحوثی نے کہا کہ یمنی عوام، غزہ کی حمایت میں فوجی اور سماجی شعبوں سمیت تمام شعبوں میں اپنی کاروائیاں جاری رکھیں گے اور فلسطینیوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے۔


## مغربی ایشیا کے متعدد ممالک میں غزہ کے مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے مظاہرے



انقرہ: عرب جرنل ویب سائٹ کی رپورٹ کے مطابق یہ مظاہرے غزہ کے باشندوں کی نسل کشی اور بھوک کے سلسلے میں عرب حکومتوں کی کوتاہی، منفی رویئے اور صیہونی حکومت کے ساتھ ان کی سازباز کے خلاف نفرت کے زیر عنوان کئے گئے۔ ترکیہ کے دارالحکومت انقرہ میں اسرائیل ٹارگٹ کلنگ کرتا ہے اور دنیا تماشائی بنی بیٹھی ہے کے زیر عنوان مظاہرہ ہوا۔ مظاہرین نے امریکی سفارت خانے کی جانب مارچ کیا۔ استنبول میں بھی صیہونی حکومت کے قونصل خانے کے سامنے مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے اسرائیل کے ہاتھوں غزہ کے عوام کی نسل کشی کی مذمت کی۔ اردن میں غزہ کے مظلوم عوام کی حمایت اور فلسطین میں صیہونی حکومت کے مظالم کے خلاف مظاہرہ کیا گیا۔ عراق اور لیبیا میں بھی ہزاروں افراد نے غزہ کے مظلوم فلسطینیوں کی حمایت میں سڑکوں پر نکل کر مظاہرہ کیا انہوں نے صیہونی حکومت کی جارحیت اور غزہ پٹی کا محاصرہ ختم کئے جانے کا مطالبہ کیا۔ یہ مظاہرے ایسی حالت میں ہوئے ہیں کہ جب انسانی حقوق کی تنظیموں نے غزہ میں انسانی المیئے کی بابت خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ میں قحط اور انسانی المیہ اپنی انتہا کو پہنچ چکا ہے۔ تل ابیب فوری جنگ بندی پر مبنی عالمی برادری کے مطالبے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کو نظرانداز کرتے ہوئے غزہ کے باشندوں کی نسل کشی کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔

## انصاراللہ یمن اپنے بنائے ہوئے ہتھیاروں سے لڑ رہے ہیں

تہران: ایران میں انصار اللہ یمن کے خصوصی نمائندے احمد الامام نے 20 جولائی کو ایک پریس کانفرنس میں خطے کی موجودہ صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میں سب سے پہلے ایران کو 12 روزہ جنگ میں فتح پر مبارکباد پیش کروں گا۔ ارنا کے نامہ نگار کے اس سوال کے جواب میں کہ مزاحمتی محور کا ایک مضبوط عنصر دیسی ہتھیاروں کی تیاری میں خود کفیل ہونا ہے، جب کہ امریکہ نے ایک بار پھر ایران پر یمن میں ہتھیار بھیجنے کا الزام لگایا ہے، لہذا یمن کے دیسی ہتھیاروں کے بارے میں کچھ بتائیں، انہوں نے کہا کہ خدا کی مدد سے، ہم نے انصار اللہ کے صنعا میں داخل ہونے اور یمن پر سعودی عرب کے حملوں سے قبل ہی دیسی ہتھیاروں کی تیاری شروع کر دی تھی۔ یمنی عوام پر محاصرے کے اثرات کے بارے میں احمد الامام نے کہا کہ یمنی عوام زراعت میں خود کفیل ہیں اور یمنی عوام کو سب سے زیادہ نقصان میڈیسن کے شعبے میں پہنچا ہے۔ اس سوال کے جواب میں کہ آج لبنان اور عراق میں مزاحمتی قوتوں کو غیر مسلح کرنے کی بات ہو رہی ہے اور بعض لوگ یمن کے لیے بھی ایسا کہہ سکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ یمن میں ہتھیاروں کو ختم کرنا ناممکن ہے، تمام یمنیوں کے پاس ہتھیار موجود ہیں، اور یہ ہرگز فوج سے مخصوص نہیں ہے۔



## کوئٹہ کے دشت میں سیکیورٹی فورسز سے جھڑپ میں کالعدم تنظیم کے 3 دہشت گرد ہلاک

کوئٹہ (یو این آئی) کوئٹہ کے علاقے دشت میں کاؤنٹر ٹیرازم ڈپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں بچے مصور کاکڑ کے اغوا اور قتل میں ملوث ملزم 2 ساتھیوں سمیت ہلاک ہو گیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق بچے مصور کاکڑ کے قتل کیس میں گرفتار ملزم کو اس کے ساتھیوں کی نشاندہی کے لیے ساتھ لے جایا جا رہا تھا کہ سی ٹی ڈی کی ٹیم کو دیکھتے ہی دہشت گردوں نے فائرنگ کر دی۔ ترجمان کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں گرفتار ملزم ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا، سی ٹی ڈی سے مقابلے میں مزید دو دہشت گرد بھی مارے گئے، مارے گئے تینوں دہشت گردوں کا تعلق کالعدم مذہبی تنظیم سے تھا۔ ترجمان کے مطابق دہشت گرد قتل، اقدام قتل، دہشت گردی سمیت دیگر سنگین جرائم میں ملوث تھے، دہشت گردوں کے ٹھکانے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ، بارود برآمد ہوا ہے۔

روزنامہ صحافت اردو ویب ایڈیشن برمنگھم (یو۔ کے۔) کو پبلشر نغمہ امیر نے ٹیڈنگٹن گروپیری بار برمنگھم بی۔42 آئی آر جی یو۔ کے۔ سے شائع کیا۔ پروپرائٹر و گروپ ایڈیٹر: امان عباس، ریزیڈینٹ ایڈیٹر: امیر مہدی، بیورو چیف: نغمہ امیر، ای۔میل: Naghmaamir@rediffmail.com، موبائل نمبر: 386368 7897 44+

قارئین کو مشورہ: ''صحافت'' میں چھپے ہوئے مضامین اور مراسلات میں ظاہر کئے گئے خیالات سے ایڈیٹر، نیوز ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر، پروپرائٹر کا متفق اور جواب دہ ہونا ضروری نہیں ہے۔ صحافت میں شائع ہونے والے کسی بھی اشتہار کے مواد اور دعوؤں کے بارے میں ادارہ صحافت ذمہ دار نہیں ہوگا، اس کی کل ذمہ داری اشتہار دہندہ کی ہوگی۔